# سیکنڈری اسکول پلیسز ایلوکیشن سسٹم 2023/2025
# (ستمبر 2025 میں سیکنڈری 1 میں داخلے کے لیے)
# اکثر پوچھے جانیوالے سوالات

## عمومی

**(1) سوال Secondary School Places Allocation (SSPA) سسٹم کیا ہے؟**

**جواب** اہل پرائمری 6 (P6) طلباء SSPA سسٹم میں حصہ لے کر پبلک سیکٹر سیکنڈری 1 (S1) جگہ حاصل کر سکتے ہیں۔ SSPA سسٹم کو دو مرحلوں میں تقسیم کیا گیا ہے: صوابدیدی جگہیں (DP) اور سینٹرل ایلوکیشن (CA)۔

DP مرحلے کے لیے، طلباء براہ راست اضلاع میں سے کسی میں بھی SSPA میں شریک زیادہ سے زیادہ دو سیکنڈری اسکولز کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ اسکول اپنی S1 جگہوں کا 30% سے زائد DP کے طور پر محفوظ نہیں کر سکتے ہیں اور طلباء کو ان کے تعلیمی نظریے اور خصوصیات کے مطابق داخلہ دے سکتے ہیں۔

CA مرحلے پر، کمپیوٹر SSPA میں شریک طلباء کو ان کے ایلوکیشن بینڈ، والدین کے اسکولز کے انتخاب اور رینڈم نمبر کے مطابق اسکول کی جگہیں تفویض کرتا ہے۔

کامیاب DP درخواست دہندگان کو دوبارہ CA میں جگہیں الاٹ نہیں کی جائیں گی۔ DP اور CA کے حکومتی نتائج جولائی 2025 میں ایک ہی وقت میں جاری کیے جائیں گے۔ SSPA سسٹم کی تفصیلات کے لیے، والدین SSPA سسٹم پر معلوماتی کتابچہ اور ویڈیو سے رجوع کر سکتے ہیں۔

## فیڈر اور نامزد اسکول

**(2) سوال فیڈر/نامزد اسکول میں زیر تعلیم P6 طالب علم کے لیے S1 داخلہ کے کیا انتظامات ہیں؟**

**جواب** عام طور پر، ریپٹر جگہوں اور DP کے منہا کیے جانے کے بعد، CA مرحلے پر ایک فیڈر سیکنڈری اسکول کو اپنے فیڈر پرائمری اسکول (اسکولز) کے لیے بقیہ جگہوں کا 85%، اور ایک نامزد سیکنڈری اسکول کو بقیہ جگہوں کا 25% اپنے نامزد پرائمری اسکول(اسکولز) کے لیے مختص کرنا ہوتا ہے۔ فیڈر/نامزد اسکول کا P6 طالب علم ریزرو شدہ جگہ کے لیے اہل ہے اگر وہ نیٹ بینڈ 1 یا 2 میں ہے اور اس نے حصہ B "محدود اسکول کے انتخاب" میں فیڈر/نامزد سیکنڈری اسکول کو اپنی پہلی پسند کے طور پر منتخب کیا ہے۔ اگر منسلک سیکنڈری اسکول نیٹ بینڈ 3 طلباء کو قبول کرتا ہے تو، تمام 3 بینڈز کے طلباء اہل ہوں گے۔ والدین فیڈر/نامزد سیکنڈری اسکول (اسکولز) سے براہ راست استفسارات کر سکتے ہیں۔

اگر اہل طلباء کی تعداد ریزرو شدہ جگہوں کی تعداد سے زیادہ ہے تو، تفویض کرنے کے لیے ترجیحی ترتیب طالب علم کے نیٹ بینڈ اور رینڈم نمبر پر مبنی ہوگی جب تک کہ تمام ریزرو شدہ جگہیں پُر نہیں ہو جاتیں۔ دوسری طرف، تمام غیر استعمال شدہ ریزرو شدہ جگہیں، اگر کوئی ہوں، خود بخود تفویض کرنے کے لیے خالی جگہوں کے طور پر استعمال کی جائیں گی۔

اگر فیڈر یا نامزد اسکول کے P6 طالب علم کو کراس نیٹ ایلوکیشن کرنے کی منظوری دی جاتی ہے تو، وہ فیڈر یا نامزد سیکنڈری اسکول (اسکولز) کی ریزرو شدہ جگہ کے لیے اہل نہیں ہو گا/ہوگی ۔

**(3) سوال والدین کیسے جان سکتے ہیں کہ آیا ان کے بچوں کے پرائمری اسکول(اسکولز) میں فیڈر/نامزد سیکنڈری اسکول(اسکولز) ہیں؟**

**جواب** والدین ہر سال ستمبر میں شائع ہونے والے پرائمری اسکول پروفائل (پروفائل) سے متعلقہ معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ پرائمری اسکول کا فیڈر/نامزد سیکنڈری اسکول(اسکولز) پروفائل میں درج کیا جائے گا۔ والدین معلومات کے لیے براہ راست پرائمری اسکول سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

**(4) سوال ایک P6 طالب علم کے لیے جو اپنے فیڈر/نامزد سیکنڈری اسکول کے لیے تفویض کیے جانے کا اہل ہو، کیا اس لڑکا/لڑکی کو فیڈر/نامزد سیکنڈری اسکول کو اپنے یعنی اس لڑکا/لڑکی کے حصہ A "غیر محدود اسکول انتخاب" اور حصہ B "محدود اسکول انتخاب" دونوں کے حوالے سے اسکول کے انتخاب میں رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے؟**

**جواب** CA مرحلے میں، فیڈر/نامزد اسکولز کے لیے ریزرو شدہ جگہوں کا اطلاق صرف حصہ B کے "محدود اسکول انتخاب" پر ہوتا ہے۔ والدین کو فیڈر/نامزد سیکنڈری اسکول کو حصہ B میں پہلی پسند کے طور پر شامل کرنا چاہیے۔ تاہم، حصہ A میں فیڈر/نامزد سیکنڈری اسکول کو شامل کرنا والدین کی اپنی صوابدید پر ہے۔

**(5) سوال کیا فیڈر/نامزد پرائمری اسکول کے اہل طالب علم کو اس کے فیڈر/نامزد سیکنڈری اسکول میں جگہ تفویض نہیں کی جائے گی؟**

**جواب** متعلقہ طلباء اپنے فیڈر / نامزد سیکنڈری اسکول میں صرف اسی صورت میں ریزرو شدہ جگہوں کے اہل ہیں اگر وہ نیٹ بینڈ 1 یا 2 میں ہوں اور CA کے حصہ B"محدود اسکول انتخاب" میں فیڈر / نامزد سیکنڈری اسکول کو اپنے پہلے اسکول انتخاب کے طور پر منتخب کیا ہو۔ اگر اہل طالب علموں کی تعداد ریزرو شدہ جگہوں کی تعداد سے زیادہ ہو جاتی ہے تو، الاٹمنٹ کے لئے ترجیح کا آرڈر طلباء کے نیٹ بینڈ اور ان کے رینڈم نمبروں پر مبنی ہوگا جب تک کہ تمام ریزرہ شدہ جگہوں کو پر نہیں کر دیا جاتا۔

تاہم ، ایسے معاملات ہوسکتے ہیں جب طلباء کو فیڈر / نامزد سیکنڈری اسکول کے لئے مختص نہیں کیا جاتا ہے:

(a) طالب علم نیٹ بینڈ کی ضرورت کو پورا نہیں کرتا؛

(b) طالب علم لڑکا/لڑکی نے ضرورت کے مطابق CA کے حصہ B"محدود اسکول کے انتخاب" میں فیڈر/نامزد سیکنڈری اسکول کو اپنا پہلا اسکول انتخاب نہیں بنایا ہے؛

(c) فیڈر/نامزد P6 اہل طلباء کی تعداد اسکول کی ریزرہ شدہ جگہوں سے زیادہ ہو جائے؛

(d) طالب علم نے کامیابی سے کسی دوسرے سیکنڈری اسکول میں صوابدیدی جگہ حاصل کر لی ہو یا CA کے حصہ A میں "غیر محدود اسکول انتخاب" میں اس کو اسکول کی جگہ تفویض کی گئی ہو؛ یا

(e) طالب علم کے لیے کراس نیٹ ایلوکیشن کی منظوری دی گئی ہو۔

## <u>"Through-train" اسکولز</u>

**(6) سوال "through-train" اسکول میں زیر تعلیم P6 طالب علم کے لیے S1 کے داخلہ انتظامات کیا ہیں؟**

**جواب** "through-train" اسکول کا P6 طالب علم اپنے منسلک سیکنڈری اسکول میں براہ راست جانے کا انتخاب کر سکتا ہے۔ اگر طالب علم شریک سیکنڈری اسکولز کے DP کے لیے یا ڈائریکٹ سبسڈی اسکیم کے سیکنڈری اسکولز کی S1 جگہ (جگہوں) کے لیے درخواست دے جو سیکنڈری اسکول پلیسز ایلوکیشن سسٹم (NDSS secondary schools) میں حصہ نہ لے رہا ہو (چاہے کامیاب ہو یا نہ ہو)، یا CA میں شرکت کرے تو، **<u>اس لڑکا/لڑکی کو منسلک سیکنڈری اسکول میں براہ راست آگے جانے کا حق برقرار رکھنے کی اجازت نہیں ہو گی</u>**۔

**(7) سوال کیا دیگر پرائمری اسکولز کے طلباء کو "through-train" سیکنڈری اسکول میں پڑھنے کا موقع ملتا ہے؟**

**جواب** تمام "through-train" اسکولز کو اس اصول کی تعمیل کرنے کی ضرورت ہے کہ منسلک سیکنڈری اسکول میں S1 جگہوں کی تعداد اس کے منسلک پرائمری اسکول میں P6 گریجویٹس کی تعداد سے زیادہ ہونی چاہیے تاکہ دیگر پرائمری اسکولز کے طلباء کو DP میں درخواست یا CA میں شرکت کر کے اب بھی داخلہ دیا جا سکے۔ "Through-train" سیکنڈری اسکولز، دونوں موجودہ اور نئے فعال، انہیں اصولی طور پر DP درخواست یا CA کے ذریعے دیگر پرائمری اسکولز کے طلباء کو داخلہ دینے کے لیے، ریپیٹر جگہوں کے منہا کیے جانے کے بعد، S1 جگہوں کی اپنی کل تعداد کے 15% سے کم نہیں رکھنی چاہیے۔

## <u>ڈائریکٹ سبسڈی اسکیم سیکنڈری اسکولز</u>

**(8) سوال اگر والدین اپنے بچوں کو ڈائریکٹ سبسڈی اسکیم (DSS) سیکنڈری اسکول میں بھیجنا چاہتے ہیں تو انہیں کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے؟**

**جواب** والدین کو یاد رکھنا چاہیے کہ DSS سیکنڈری اسکول فیس وصول کر سکتے ہیں۔ طلباء کو سیکنڈری 3 کی تکمیل پر ان کے اپنے DSS سیکنڈری اسکولز میں سیکنڈری 4 (S4) میں پروموٹ کیا جاسکتا ہے اور ایجوکیشن بیورو (EDB) کے زیر انتظام دوسرے اسکولز میں S4 میں مرکزی طور پر نہیں رکھا جائے گا۔

**(9) سوال شریک DSS سیکنڈری اسکولز کے مقابلے، حکومتی، امداد یافتہ اور کیپٹ سیکنڈری اسکولزکے ایلوکیشن انتظامات میں کیا فرق ہے؟**

**جواب** شریک DSS سیکنڈری اسکولز کے لیے، ان کے ایلوکیشن انتظامات بنیادی طور پر حکومتی، امداد یافتہ اور کیپٹ سیکنڈری اسکولز کے جیسے ہوتے ہیں سوائے اس کے کہ شریک DSS سیکنڈری اسکول اپنی S1 جگہوں کا 30% سے زائد DP کے طور پر ریزرو رکھ سکتے ہیں۔ اسکولز کو اب بھی CA کی تفویض کے لیے "غیر محدود اسکول انتخاب" کے تحت اسکول جگہوں کا 10% ریزرو کرنے کی ضرورت ہے۔ اس کے علاوہ، شریک DSS سیکنڈری اسکولوں کیS1 جگہیں CA کے حصہ B "محدود اسکول انتخاب" میں "نو چوائس نو ایلوکیشن" کے اصول پر مختص کی گئی ہیں۔ دوسرے لفظوں میں، طلباء کو شریک DSS سیکنڈری اسکول میں اس وقت تک مختص نہیں کیا جائے گا جب تک کہ انہوں نے اسکول کو انتخاب میں شامل نہ کیا ہو۔

**(10) سوال NDSS secondary schools میں داخلہ کا طریقہ کار کیا ہے؟**

**جواب** NDSS secondary schools کے لیے معاملہ یہ ہے کہ، وہ اپنے طریقہ کار اور نظام الاوقات کے مطابق طلباء کو داخلہ دے سکتے ہیں اور SSPA سسٹم کے ذریعے طلباء کو جگہ تفویض نہیں کی جائے گی۔ NDSS secondary schools کی تعداد کی کوئی حد نہیں ہے جس میں طلباء درخواست دے سکتے ہیں، اور داخلہ اسکولز کے مقرر کردہ معیار پر مبنی ہے۔ NDSS secondary schools کو اپریل 2025 کے اواخرتک اپنی کامیاب شریک طلباء کی فہرستیں EDB کو جمع کرانے کی ضرورت ہوتی ہے۔ NDSS secondary schools کے کامیاب شریک طلباء کی فہرستوں میں شامل طلباء کو شریک سیکنڈری اسکولز کیS1 جگہوں کے ساتھ تفویض نہیں کیا جائے گا، بشمول وہ جنہوں نے ان کو کامیاب DP درخواست دہندگان کے طور پر منتخب کیا ہو۔

<u>**غیر چینی گفتاری طلباء**</u>

**(11) سوال SSPA سسٹم کے تحت، غیر چینی گفتاری (NCS) طلباء کے لیے کیا ایلوکیشن انتظامات ہیں؟**

**جواب** تمام اہل طلباء، قطع نظر اس کے کہ ان کی نسلیں یا جائے پیدائش کیا ہے، SSPA سسٹم کے تحت پبلک سیکٹر کے اسکولز میں داخلے کے مساوی مواقع سے لطف اندوز ہوتے ہیں، جو کہ منصفانہ اور شفاف ہے۔ دوسرے الفاظ میں، تمام اہل طلباء (بشمول NCS طلباء) کو اسی طریقہ کار کے مطابق S1 جگہ تفویض کی جائے گی۔ وہ DP مرحلے پر کسی بھی دو شریک سیکنڈری اسکولز میں درخواست دے سکتے ہیں۔ CA مرحلے پر انتخاب کے لیے، وہ حصہ A میں کسی بھی اسکول نیٹ سے زیادہ سے زیادہ 3 سیکنڈری اسکولز کا انتخاب بھی کر سکتے ہیں اور اپنی ترجیحات کی نسبت سے حصہ B میں اپنے اسکول نیٹس میں زیادہ سے زیادہ 30 سیکنڈری اسکولز کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

**(12) سوال موجودہ تفویضی انتظامات کے تحت، NCS طلباء کو اسکول کا انتخاب کیسے کرنا چاہیے؟**

**جواب** والدین (بشمول NCS طلباء کے والدین) کو اسکول کے تمام پہلوؤں پر غور کرنا چاہیے، مثلاً اس کا تعلیمی فلسفہ، ثقافت، مذہب، طبقاتی ڈھانچہ، ترقی اور امور، تاکہ یہ اندازہ لگا سکیں کہ آیا یہ ان کے بچوں کی خصوصیات، شخصیات، صلاحیتیں، اور دلچسپیوں کو پورا کر سکتا ہے، اس غرض سے کہ اسکول کا مناسب انتخاب کیا جا سکے۔ والدین اپنے بچوں کے پرائمری اسکولز سے مشاورت لے سکتے ہیں، اور مزید تفصیلات کے لیے اسکول کے ہوم پیج پر جا سکتے ہیں۔ پبلک سیکٹر کے اسکولز کے انتخاب میںNCS طلباء کے والدین کی مدد کرنے کے لیے، داخلے سے متعلق معلومات متنوع نسلوں کی اہم زبانوں میں دستیاب ہیں۔ اس کے علاوہ، NCS طلباء کے والدین کے لیے ہر سال بیک وقت ترجمانی کی خدمات کے ساتھ وقف شدہ بریفنگ سیشن منعقد کیے جاتے ہیں۔

NCS طلباء کے والدین کو اپنے بچوں کے لیے اسکول کا انتخاب کرنے میں مدد کرنے کے لیے، کمیٹی آن ہوم اسکول کوآپریشن نے سیکنڈری اسکول پروفائلز کا انگریزی ورژن شائع کیا ہے تاکہ NCS طلباء کے والدین کو اسکول کی متعلقہ معلومات حاصل کرنے میں سہولت فراہم کی جاسکے۔ NCS طلباء کو داخل کرنے والے اور مقامی نصاب کی پیشکش کرنے والے تمام پبلک فنڈڈ سیکنڈری اسکولوں کو سیکنڈری اسکول پروفائلز میں اضافی امدادی اقدامات کی وضاحت کرنے کی ضرورت ہے جو وہ NCS طلباء کی چینی زبان کے حصول کو فروغ دینے اور اسکولوں میں ایک جامع اکتسابی ماحول بنانے کے لیے پیش کرتے ہیں۔

**(13) سوال EDB کی طرف سے NCS طلباء کو چینی زبان سیکھنے میں سہولت فراہم کرنے کے لیے معاون اقدامات کیا ہیں؟**

**جواب** حکومت NCS طلباء کے کمیونٹی میں انضمام کی حوصلہ افزائی اور معاونت فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے، جس میں مقامی تعلیمی نظام میں ان کی ابتدائی موافقت اور چینی زبان پر عبور کی سہولت بھی شامل ہے۔ EDB نے NCS طلباء کو پری پرائمری سے لے کرسیکنڈری سطح تک جامع تعلیمی معاونت فراہم کی ہے، جس میں نصاب کی ترقی، تعلیمی اور تدریسی وسائل، اساتذہ کی تربیت، پیشہ ورانہ معاونت، اضافی فنڈنگ، متعدد راستے، والدین کی تعلیم اور والدین کے لیے مدد شامل ہیں، تاکہ NCS طلباء چینی زبان میں مہارت حاصل کر سکیں اور کمیونٹی میں ضم ہو سکیں۔

مندرجہ بالا کے علاوہ، چیف ایگزیکٹیو کے 2023 کے پالیسی ایڈریس میں متعین کردہ مختلف اقدامات کے مطابق، ہم NCS طلباء کے لیے کمیونٹی میں انضمام کے لیے چینی زبان پر مہارت حاصل کرنے کے لیے ان کے لیے تعاون کو مضبوط کرتے رہیں گے۔ ان اقدامات میں NCS طلباء کے لیے آن لائن چینی زبان کے خود سیکھنے کے وسائل کے تحت متنوع تعلیمی مواد تیار کرنا شامل ہے تاکہ وہ اپنی کلاس میں سیکھی گئی چیزوں کو بڑھا سکیں اور مضبوط بنا سکیں؛ کم ابتدائی NCS طلباء کے لیے آزمائشی بنیاد پر بعد از اسکول چینی زبان کے کورسز فراہم کرنا، جن میں نوجوان چینی ٹیسٹ کے لیے ڈھالے گئے تعلیمی مواد کا استعمال کیا جائے گا؛ چینی زبان سیکھنے کے لیے مزید جامع اور مسلسل مدد فراہم کرنے کے لیے 2023/2024 تعلیمی سال سے شروع ہونے والے ممکنہ P5 اور P6 NCS طلباء کا احاطہ کرنے کے لیے سمر برجنگ پروگرام کو وسعت دینا؛ اور ان اسکولوں کی تعداد میں اضافہ کرنا جو NCS طلباء کے لیے اسکول پر مبنی زندگی کی منصوبہ بندی کی خدمات فراہم کرتے ہیں تاکہ ان کو ذاتی اہداف طے کرنے اور مستقبل کے لیے منصوبہ بندی کرنے میں مدد ملے۔

امدادی اقدامات کی تفصیلات کے لیے، براہ مہربانی EDB webpage ملاحظہ کریں۔

اسکول پلیسز ایلوکیشن سیکشن
ایجوکیشن بیورو
ستمبر 2024